این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | 查看本文件的中文版 |
Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen |
이 문서를 한국어로 보기 | Consulte este documento en español |
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

26 جون، 2023 کا ہفتہ

خاندانوں کے لیے یہ تجدید آنے والے تعلیمی سال کے لیے نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کے کیلنڈر، بشمول کچھ نئی تبدیلیوں کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ اسکے علاوہ، ہم آنے والے دو تعلیمی سالوں کے لیے منظور شدہ کیلنڈرز کا بھی اشتراک کررہے ہیں: 25-2024 اور 26-2025

تعلیمی سال 24-2023 کیلنڈر

طلبا کے لیے 24-2023 تعلیمی سال **7 ستمبر، 2023** سے شروع ہوگا۔ آپ 24-2023 تعلیمی سال کے مکمل کیلنڈر کی چھاپنے کے قابل فائلوں کو schools.nyc.gov/calendar پر دیکھ سکتے ہیں اور ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں۔ ذیل میں آنے والے تعلیمی سال کے لیے یہ چند اہم معلومات ہیں:

- ان دنوں میں جب خراب موسم یا دیگر ہنگامی حالات کی وجہ سے اسکول کی عمارتیں بند ہوتی ہیں، تمام طلبا اور اہل خانہ کو ریموٹ تعلیم میں شرکت کرنے کی منصوبہ بندی کرنی چاہیئے۔

- نیویارک ریاست کے قانون کے تحت، وہ عوامی تعطیلات (جنہیں قانونی یا وفاق تعطیلات بھی کہا جاتا ہے) جو ہفتے کے دن ہوتی ہیں انہیں کاروباری دن میں نہیں منایا جاتا ہے؛ جب ایسی تعطیلات اتوار کے دن ہوتی ہیں، انہیں اگلے پیر کے دن منایا جائے گا۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی پالیسی کے مطابق، جب غیر عوامی تعطیلات ہفتہ / اتوار کے دن ہوتی ہیں، اس تعطیل کے فوراً پہلے اور بعد میں کاروباری دنوں میں اسکول کھلے رہیں گے۔

ذیل میں غیر عوامی تعطیلات ہیں جو نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں منائی جاتی ہیں: روش ہشانہ، یوم کپور، انتخابات کا دن، دیوالی، تھینکس گیونگ کے بعد کا دن، کرسمس کی شام، نئے سال کی شام، گڈ فرائیڈے، قمری نیا سال، عید الفطر، پاس اوور (پہلے دو دن)، اور عید الاضحیٰ۔

اس سال، اسکول ذیل میں درج تعطیلات کے فوراً پہلے یا بعد میں کھلے رہیں گے، جو تعلیمی سال 24-2023 کے دوران ہفتہ / اتوار کے دن ہونگی:

- روش ہشانہ (ہفتہ-اتوار، 17-16 ستمبر)
- ویٹرنز ڈے (ہفتہ، 11 نومبر)
- دیوالی (اتوار، 12 نومبر)
- قمری نیا سال (ہفتہ، 10 فروری)

اسکول کلینڈر کے بارے میں کسی بھی سوالات کے لیے برائے مہربانی اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

ہمارے خاندانوں اور اسکول برادریوں کی مستقبل کی منصوبہ بندی میں مدد کرنے کے لیے، ہم اضافی دو تعلیمی سالوں: 25-2024 اور 26-2025 تعلیمی سالوں کے منظور شدہ کیلنڈرز کا بخوشی اشتراک کررہے ہیں۔